نیوز ریلیز

شعبۂ تعلقات عامہ

سفارت خانہ، ریاستہائے متحدہ امریکہ

15 ستمبر 2010ء

برائے فوری اجراء

510/2010

رابطہ: رچرڈ سنیلسائر

ترجمان

فون: 0300-501-2640

امریکہ کی جانب سے سیلاب زدہ کاشتکاروں کیلئے 1.7 ارب روپے کی امداد

اسلام آباد (15 ستمبر 2010ء) ___ امریکہ نے خیبر پختونخوا میں سیلاب سے متاثرہ کسانوں کیلئے ایک ارب ستر کروڑ روپے (21 ملین ڈالر) مالیت کے بیج اور کھاد فراہم کرنے کا وعدہ کیا ہے۔ یہ رقم موسم سرما میں ربیع کے دوران گندم کی قابل اعتبار فصل پیدا کر کے مستقبل میں خوراک کے بحران کی روک تھام کو یقینی بنانے میں مدد دے گی۔

ان فنڈز کیلئے ایک ارب تیس کروڑ روپے (16 ملین ڈالر) کی رقم پاکستان کے ساتھ وسیع تر اشتراک کیلئے وضع کئے گئے کیری لوگر برمن ایکٹ سے ادا کی جائے گی۔ امریکی ادارہ برائے بین الاقوامی ترقی (یو ایس ایڈ) کا غیر ملکی آفات کے دوران اعانت فراہم کرنے والا دفتر (او ایف ڈی اے) اس مقصد کیلئے مزید 42 کروڑ 80 لاکھ روپے (پانچ ملین ڈالر) فراہم کرے گا۔

یہ پروگرام خوراک و زراعت کے عالمی ادارہ (ایف اے او) کے ذریعہ روبہ عمل لایا جائے گا اور اس کے تحت بارہ اضلاع میں تقریباً 17 لاکھ لوگوں، بالخصوص عورت کی سربراہی والے خاندانوں، خواتین کسانوں اور پانچ سال سے کم عمر بچوں والے گھرانوں کو گندم اور سبزیوں کے بیج اور کھاد کی فراہمی کے ذریعے مدد فراہم کی جائے گی۔

یو ایس ایڈ مشن کے ڈائریکٹر باب ولسن نے کہا ہے کہ گندم کے بیج کی فراہمی سے کسانوں کو معمول کی کاشت اور کٹائی کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی۔ انھوں نے کہا کہ سیلاب کا پانی اُترنے کے بعد دیگر متاثرہ علاقوں کے مزید کسانوں کو اس قسم کے پروگراموں سے مدد ملے گی۔

امریکہ اب تک پاکستان کے عوام کو ہنگامی انسانی ہمدردی کی امداد کے طور پر 22 ارب تیس کروڑ روپے (261 ملین ڈالر) سے زیادہ کی اعانت فراہم کر چکا ہے۔ امریکہ نے حلال کھانوں، تیار شدہ فولادی پُلوں اور دوسرے اقتصادی ڈھانچے کی صورت میں دیگر سویلین اور فوجی امداد کے ساتھ ساتھ پاکستان میں امداد لانے اور متاثرہ علاقوں میں پہنچانے اور لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کی مد میں بھی تقریباً 3 ارب چالیس کروڑ روپے (40 ملین ڈالر) مالیت کی اعانت فراہم کی ہے۔